22-08-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔آئندہ سال جنوری تک چار ہزار میگاواٹ یونٹ کے یدادری پاور پلانٹ کو قوم کے نام معنون کیا جائے گا۔

۲۔مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے ریاستی حکومت پر الزام لگایا کہ وہ فرٹیلائزر کی قلت کے نام پر مسائل کھڑے کرنے کی کوشش کررہی ہے۔

۳۔ہائی کورٹ نے کالیشورم لفٹ اریگیشن پروجیکٹ پر کمیشن کی رپورٹ پر ریاستی حکومت کو تین ہفتوں کے اندر تفصیلی جواب داخل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

اور

۴۔دیہی علاقوں میں ایک لاکھ سے زیادہ کاموں کو شروع کرنے کے لئے وزرا، ارکانِ اسمبلی اور سینئر عہدیداروں نے پنولا جاتھرا میں حصہ لیا۔

High_Court:

ہائی کورٹ نے کالیشورم لفٹ اریگیشن پروجیکٹ پر کمیشن کی رپورٹ پر ریاستی حکومت کو تین ہفتوں کے اندر تفصیلی جواب داخل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ چیف جسٹس، جسٹس اپریش کمار سنگھ کی قیادت والی بینچ نے اس ضمن میں عبوری فیصلہ دینے سے انکار کردیا۔سابق وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ اور سابق وزیرٹی ہریش راؤ کی جانب سے داخل کردہ عرضیوں پر عدالت سماعت کررہی ہے۔عرضی گذاروں نے پی سی گھوش کمیشن کی رپورٹ کو کلعدم قرار دینے کی عدالت سے گذارش کی ہے۔عدالت نے ریاستی حکومت سے کہا ہے کہ عوامی رسائی کے مقامات سے اس رپورٹ کی کاپی کو ہٹا دیا جائے۔اس کیس کی سماعت چار ہفتوں تک ملتوی ہوگئی ہے۔

Appointment Letter:

نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرمارکا نے آج نلگنڈہ ضلع کے داما چرلہ میں یدادری پاور پلانٹ کی وجہ سے اپنی زمین کھونے والے پانچ سو افراد میں تقرری نامے تقسیم کیئے۔ پرجا بھون حیدرآباد میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب میں نائب وزیراعلیٰ نے جونئیر اسسٹنٹ، پلانٹ اسسٹنٹ، آفیسر سب آرڈینیٹس اور ہاؤس کیپر عہدوں پر تقرری

نامے تقسیم کئے۔اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ چار سو میگا واٹ کی گنجائش والے یدادری پاور پلانٹ کو آئندہ سال پندرہ جنوری تک قوم کے نام معنون کیا جائے گا۔

Sound Byte - Bhatti Vikramarka,Deputy CM

اس موقع پر بھٹی وکرمارکا نے یقین دلایا کہ زمین سے محروم ہونے والے افراد کے لئے پلانٹ کے قریب تعلیمی وطبی سہولیات کا انتظام کیا جائے گا۔انہوں نے اس بات کا بھی اعلان کیا کہ حکومت، خدمات کے دوران اپنی جان گنوانے والے ٹی ایس جینکو کے ایک سو اُنسٹھ خاندانوں کو بھی ہمدردی بنیادوں پر تقرر نامے حوالے کرے گی۔

BJP_Arrests:

پولیس نے آج بی جے پی کے کئی لیڈروں اور کارکنوں کو اُس وقت حراست میں لے لیا جب وہ حیدرآباد بچاؤ کے نعرے کے تحت ریاستی سکریٹریٹ کے گھیراؤ کی کوشش کررہے تھے۔مظاہرین کو پولیس اسٹیشن منتقل کردیا گیا۔بی جے پی کی ریاستی یونٹ نے ریاستی حکومت پر جڑواں شہروں حیدرآباد اور سکندرآباد میں پینے کے پانی، سیوریج نظام، سڑکوں کی دیکھ ریکھ میں ناکامی کا الزام لگاتے ہوئے یہ احتجاج کیا تھا۔اس سے قبل پولیس نے بی جے پی قائدین کو ان کے گھروں میں نظر بند رکھا تھا۔

Heli_Tourism:

ریاستی وزیرصحت جوپلی کرشنا راؤ نے آج کہا کہ حکومت ریاست میں سیاحوں کی تعداد میں اضافے کے لئے ہیلی ٹورزم پر توجہ مرکوز کرے گی۔سوما سیلا کے قریب صحت مندی، روحانی مرکز کے،نلہ ملا پروجیکٹ کے سنگ بنیاد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے کہا کہ خانگی شراکت داروں کے تعاون سے حیدرآباد سے سوما سیلا اور سری سیلم کے لئے ہیلی خدمات شروع کی جائیں گی۔اس موقع پر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ سوما سیلا اور سدیشورم کے بیچ تاریخی پل کی تعمیر سے سیاحت کو فروغ ملنے کی امید ہے۔

Deeksha:

سرپور کے رکن اسمبلی پی ہریش بابو نے اپنی بھوک ہڑتال آج ختم کردی۔بی جے پی کے فلور لیڈر مہیشور ریڈی کی قیادت والی کمیٹی نے انہیں لیمو کا شربت پلایا۔ہریش بابو پوڈو کسانوں کی حمایت میں جی او49 کو منسوخ کرنے کا

مطالبہ کرتے ہوئے گزشتہ پانچ دنوں سے بھوک ہڑتال پر تھے۔اس موقع پر مہیشور ریڈی نے کہا کہ پوڈو کسانوں کوانصاف کیلئے آنے والے دنوں میں ایک لائحہ عمل تیار کیا جائے گا اور ریاست بھر میں احتجاج کیا جائے گا۔ آصف آباد میں بی جے پی کی جانب سے بند کے اعلان کی وجہ سے خانگی تعلیمی ادارے بند رہے۔

Flood:

دریائے کرشنا گوداوری سمیت دیگر ندیوں کے بہاؤ میں آج صبح سے کمی آنے کی وجہ سے ریاست میں سیلابی صورتحال میں بہتری کے امکانات دیکھنے کو ملے۔تاہم ریاستی حکام ابھی بھی مکمل چوکسی اختیار کئے ہوئے ہیں۔ بھدراچلم میں گوداوری ندی کی سطح آب 45.3 فٹ تک پہنچ گئی ہے۔حکام نے انتباہی سگنل نمبر 1 جاری رکھا ہے جبکہ نشیبی علاقوں میں 10 لاکھ کیوسک پانی چھوڑا جارہا ہے۔سری پدا ایلم پلی پراجکٹ میں بھی صورتحال مستحکم ہے۔ پراجکٹ کے 62 دروازوں میں سے 10 دروازے کھولے گئے ہیں اور یہاں سے 57 ہزار کیوسک سے زیادہ پانی چھوڑا جارہا ہے۔دریائے کرشنا پر جورالا اور سری سیلم پراجکٹ میں بھی پانی کے بہاؤ میں کمی آئی ہے۔

Cybercrime:

حیدرآباد سائبر کرائم پولیس نے ایک کروڑ روپے مالیت سے زیادہ آن لائن سرمایہ کاری دھوکہ دہی کیس میں ملوث ایک منظّم گینگ کے 6 افراد کو آج گرفتار کیا۔حالیہ دنوں تارناکہ سے تعلق رکھنے والی ایک 34 سالہ خاتون نے پولیس میں دھوکہ دہی کی شکایت درج کروائی تھی۔ پولیس نے بتایا کہ دھوکہ باز خود کو عہدیدار ظاہر کرتے ہوئے انسٹاگرام اور ٹیلی گرام کے ذریعہ لوگوں کو فرضی آن لائن سرمایہ کاری کیلئے راغب کرتے تھے۔

HEALTH

ریاستی محکمہ صحت نے 1623 خصوصی ڈاکٹروں کے عہدوں پر بھرتی کا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ تلنگانہ ویدیا ودھانا پریشد کے تحت آرٹی سی دواخانہ کے سات عہدوں سمیت دیگر دواخانوں میں یہ بھرتیاں کی جائیں گی۔ عہدیداروں نے بتایا کہ ڈاکٹروں کی بھرتی کا عمل مکمل ہونے کے ساتھ ضلعی وعلاقائی دواخانوں کے علاوہ دیہی علاقوں کے کمیونٹی ہیلتھ سنٹرس پر ان خصوصی ڈاکٹروں کی خدمات دستیاب رہیں گی۔

PANULA JATARA:

پنولا جاترا کے دوسرے مرحلہ کے تحت دیہی علاقوں میں 2198 کروڑ روپے مالیت کے ایک لاکھ سے زیادہ کام شروع کئے گئے ہیں۔ محکمہ پنچایت راج و دیہی ترقی کی جانب سے این آر ای جی پی ایس کے تحت دیہی علاقوں میں معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کے مقصد سے یہ کام شروع کئے گئے ہیں۔ ریاست بھر میں وزرا، ارکانِ اسمبلی اور دیگر عہدیداران نے تکمیل شدہ کاموں کا افتتاح کیا اور نئے کاموں کیلئے سنگ بنیاد رکھا۔ ریاستی وزیر پنچایت راج انا سویا سیتا اکا نے محبوب آباد ضلع کے کوتہ گوڑہ میں کاموں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔

SOUND BYTE SEETHAKKA

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے سنگا ریڈی ضلع کے مونی پلی میں 70 کروڑ روپے مالیت کے کاموں کا آغاز کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ آصف آباد میں پنولا جاترا کے تحت 335 پنچایتوں میں 950 سے زیادہ کام شروع کئے گئے ہیں۔ ملگ میں ضلع کلکٹر دیوا کرٹی ایس نے 266 کاموں کا افتتاح کیا اور لوگوں سے اس موقع سے استفادہ کرنے کی اپیل کی۔

MANCHERIAL - BACK WATER:

ریاستی وزیر کانکنی وویک وینکٹا سوامی نے کہا کہ کالیشورم پراجکٹ کی تعمیر کے بعد ٹھہرے ہوئے پانی کی وجہ سے بابر وچیلو کا اور دیگر دیہاتوں میں کسانوں کی فصلوں کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ ریاستی وزیر نے چینور و حلقہ میں متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وویک وینکٹا سوامی نے کہا کہ کالیشورم پراجکٹ کی تعمیر کے بعد سے ہی یہاں کے کسانوں کو نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے متاثرہ کسانوں کو یقین دلایا کہ حالیہ بارش سے ہوئے خسارہ کو دیکھتے ہوئے حکومت ان کی ہر ممکن مدد کرے گی۔

BRS UREA:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے ریاست میں کھاد کی مبینہ قلت کیلئے ریاستی حکومت کو ذمہ دار ٹھہرایا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت کی ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے کسانوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کے ٹی آر نے بی آر ایس دور حکومت میں کئے گئے کاموں کا تذکرہ کیا۔

WEATHER

ریاست کے چند اضلاع میں آئندہ تین دنوں تک ہلکی تا اوسط بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ آئندہ دودنوں تک 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں اور بارش ہوسکتی ہے۔

IDOLS

ایچ ایم ڈی اے کی جانب سے ماحولیات دوست اور مٹی کے گنیش کی مورتیوں کو فروغ دیا جارہا ہے۔ادارہ کی جانب سے ایک لاکھ،8 انچ قدوالے مٹی کے گنیش مورتیوں کی تقسیم کے لئے انتظامات کئے جارہے ہیں۔این جی اوز اور عوام حیدرآباد کے 34 مقامات سے مفت میں یہ مٹی کی مورتیاں حاصل کرسکتے ہیں۔اس مہینہ کی 24 سے 26 تاریخ کے درمیان اس کی تقسیم کی جائے گی۔

KISHAN - FERTILISER

مرکزی وزیرکوئلہ کشن ریڈی نے ریاستی حکومت پر الزام لگایا کہ وہ فرٹیلائزر کی قلت کے نام پر مسائل کھڑے کرنے کی کوشش کررہی ہے حالانکہ مرکزی حکومت کی جانب سے فرٹیلائزر پر 80 ہزار کروڑ روپے کی سبسیڈی دی جارہی ہے۔ حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت فرٹیلائزرس کی بلیک مارکیٹنگ کو روکنے کے لئے تمام تر اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کووڈ کے دور میں بھی فرٹیلائزر کی کوئی قلت نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ بلیک مارکیٹنگ کو روکنے کی ذمہ داری مرکزی وریاستی حکومتوں کی ہے۔

SOUND BYTE KISHAN

اس موقع پر کشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت اس مسئلہ سے نمٹنے کیلئے صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ بی آر ایس اور کانگریس حکومتوں نے اپنے سیاسی مفادات کیلئے ریاستی حکومت کونظرانداز کیا ہے۔مرکزی وزیر نے جی ایچ ایم سی علاقہ میں اسٹریٹ لائٹس کام نہ کرنے کی بھی شکایت کی ہے۔

OO